# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

عنوان: اسلام کا قانون وراثت وصیت (۴۵۹۲) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: ایم اے (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر ۱

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ خاندانی نظام میں وراثت کے قوانین کی بنیادیں معاشرتی استحکام کے لیے ضروری سمجھی جاتی ہیں۔ ان بنیادوں کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی افادیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اسلامی وراثتی نظام کی خصوصیات کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ دیگر نظاموں سے کس طرح مختلف ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ وراثت کے ارکان اور شرائط کو مثالوں کی مدد سے واضح کریں اور ان کی عملی اہمیت کو اجاگر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ ذوی الفروض کے مختلف حصوں کی وضاحت کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ کن اصولوں کے تحت ان کی تقسیم عمل میں آتی ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ عصبات اور ذوی الارحام کے کردار کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ وراثتی تقسیم میں کیسے اثر انداز ہوتے ہیں؟ (20)

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ الحجب اور العول جیسے اصول وراثت کی تقسیم میں توازن پیدا کرتے ہیں۔ ان اصولوں کی وضاحت کرتے ہوئے ان کے عملی اطلاق کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مشرقی معاشروں میں وراثتی تنازعات کی وجوہات کا تجزیہ کریں اور ان کے حل کے لیے مؤثر تجاویز پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی قانونِ وراثت کے اصولوں کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے اس کی سماجی اہمیت کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ وصیت کے قواعد و ضوابط کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ وراثت کے نظام کے ساتھ کیسے ہم آہنگ ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر5۔ وراثت کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے مختلف فقہی اصولوں کا موازنہ کرتے ہوئے ان کی افادیت بیان کریں۔ (20)